## بدھ: یہ حضرت امام موسیٰ کاظمؑ حضرت امام علی رضاؑ حضرت امام محمد تقیؑ اور امام علی نقیؑ کا دن ہے

### چاروں ائمہ علیہم السلام کی زیارت

**اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ یَا أَوْلِیَاءَ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ یَا حُجَجَ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ یَا نُورَ اللهِ فِی ظُلُمَاتِ**

آپ پر سلام ہو اے اولیاء خدا آپ پر سلام ہو جو خدا کی دلیل و حجت ہیں آپ پر سلام ہو جو زمین کی

**الْاَرْضِ، اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ، صَلَواتُ اللهِ عَلَیْکُمْ وَعَلَی آلِ بَیْتِکُمُ الطَّیِّبِینَ الطَّاهِرِینَ، بِأَبِی أَ نْتُمْ**

تاریکیوں میں خدا کا نور ہیں آپ پر سلام ہو خدا کی رحمتیں ہوں آپ پر اور آپ کے پاک و پاکیزہ

**وَأُمِّی،لَقَدْ عَبَدْتُمُ اللهَ مُخْلِصِینَ، وَجاهَدْتُمْ فِی اللهِ حَقَّ جِهَادِهِ حَتَّی أَتاکُمُ الْیَقِینُ فَلَعَنَ اللهُ**

اہلبیتؑ پر آپ پر میرے ماں باپ قربان آپ نے مخلصانہ طور پر خدا کی عبادت کی اور خدا کی راہ میں جہاد کیا جس طرح جہاد کرنے کا حق ہے حتی کہ آپ

**أَعْدائَکُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ أَجْمَعِینَ وَأَ نَا أَبْرَأُ إِلَی اللهِ وَ إِلَیْکُمْ مِنْهُمْ، یَا مَوْلایَ یَا أَباإِبْراهِیمَ**

کی اجل آ گئی پس خدا لعنت کرے آپ کے تمام دشمنوں پر جو جنوں اور انسانوں میں سے ہیں میں آپکے اور خدا کے سامنے ان سے برائت کرتا ہوں اے

**مُوسَی بْنَ جَعْفَرٍ، یَامَوْلایَ یَا أَبَا الْحَسَنِ عَلِیَّ بْنَ مُوسی، یَا مَوْلایَ یَا أبا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِیٍّ**

میرے سردار اے ابوابراہیم موسیٰ کاظمؑ بن جعفر صادقؑ اے میرے سردار اے ابوالحسنؑ علی رضاؑ بن موسیٰ کاظمؑ اے میرے سردار اے ابوجعفر محمد تقیؑ بن علی رضاؑ

**یَا مَوْلایَ یَا أَبَا الْحَسَنِ عَلِیَّ بْنَ مُحَمَّدٍ، أَ نَا مَوْلیً لَکُمْ مُؤْمِنٌ بِسِرِّکُمْ وَجَهْرِکُمْ، مُتَضَیِّفٌ بِکُمْ**

اے میرے سردار اے ابوالحسنؑ علی نقیؑ بن محمد تقیؑ! میں آپ سب کا غلام ہوں آپکے نہاں وعیاں پر ایمان رکھتا ہوں

**فِی یَوْمِکُمْ هذَا وَهُوَ یَوْمُ الْاَرْبَعاءِ وَمُسْتَجِیرٌ بِکُمْ، فَأَضِیفُونِی وَأَجِیرُونِی بِآلِ بَیْتِکُمُ**

یہ آپ کا دن ہے میں اس میں آپ کا مہمان ہوں۔ یہ بدھ کا دن ہے اور آپ کی پناہ میں ہوں پس میری مہمانوازی کیجیے اور مجھے پناہ دیجیے۔

**الطَّیِّبِینَ الطَّاهِرِینَ**

آپکو آپکے پاک و پاکیزہ خاندان کا واسطہ دیتا ہوں۔

urdu.duas.org

## جمعرات: یہ امام حسن عسکریؑ کا دن ہے

اَلسَّلامُ عَلَيْکَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْکَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ وَخَالِصَتَهُ، اَلسَّلامُ عَلَيْکَ

آپؑ پر سلام ہو اے اللہ کے ولی آپؑ پر سلام ہو اے حجت خدا اور اسکے خاص الخاص آپؑ پر سلام ہو

يَا إِمَامَ الْمُؤْمِنِينَ، وَوَارِثَ الْمُرْسَلِينَ، وَحُجَّةَ رَبِّ الْعَالَمِينَ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْکَ وَعَلَى آلِ

اے مومنوں کے امام اور انبیاء کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت آپؑ پر خدا کی رحمت ہو اور آپؑ کے

بَيْتِکَ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ، يَا مَوْلاَیَ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ أَنَا مَوْلًى لَکَ وَلآلِ بَيْتِکَ،

اہل خاندان پر جو پاک و پاکیزہ ہیں اے میرے سردار اے ابو محمد حسن عسکریؑ بن علی نقیؑمیں آپؑ کا اور آپ کے اہل خاندان کا

وَهٰذَا يَوْمُکَ وَهُوَ يَوْمُ الْخَمِيسِ، وَأَنَا ضَيْفُکَ فِيهِ وَ مُسْتَجِيرٌ بِکَ فِيهِ فَأَحْسِنْ ضِيَافَتِي

غلام ہوں اور یہ دن آپؑ کا ہے جو جمعرات ہے میں اس میں آپ کا مہمان ہوں اور آپ کی پناہ میں ہوں میری بہترین مہمانوازی کیجئے اور مجھے پناہ دیجئے

وَ إِجَارَتِي بِحَقِّ آلِ بَيْتِکَ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ

اس کیلئے میں آپ کو آپ کے پاک و پاکیزہ خاندان کا واسطہ دیتا ہوں۔

## جمعرات: یہ امام حسن عسکریؑ کا دن ہے

اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللهِ، اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ وَخَالِصَتَهُ، اَلسَّلاَمُ عَلَيْكَ

آپؑ پر سلام ہو اے اللہ کے ولی آپؑ پر سلام ہو اے حجت خدا اور اسکے خاص الخاص آپؑ پر سلام ہو

يَا إِمَامَ الْمُؤْمِنِينَ، وَوَارِثَ الْمُرْسَلِينَ، وَحُجَّةَ رَبِّ الْعَالَمِينَ، صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ وَعَلَى آلِ

اے مومنوں کے امام اور انبیاء کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت آپؑ پر خدا کی رحمت ہو اور آپؑ کے

بَيْتِكَ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ، يَا مَوْلاَيَ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ أَنَا مَوْلًى لَكَ وَلآلِ بَيْتِكَ،

اہل خاندان پر جو پاک و پاکیزہ ہیں اے میرے سردار اے ابو محمد حسن عسکریؑ بن علی نقیؑمیں آپؑ کا اور آپ کے اہل خاندان کا

وَهٰذَا يَوْمُكَ وَهُوَ يَوْمُ الْخَمِيسِ، وَأَنَا ضَيْفُكَ فِيهِ وَمُسْتَجِيرٌ بِكَ فِيهِ فَأَحْسِنْ ضِيَافَتِي

غلام ہوں اور یہ دن آپؑ کا ہے جو جمعرات ہے میں اس میں آپ کا مہمان ہوں اور آپ کی پناہ میں ہوں میری بہترین مہمانوازی کیجئے اور مجھے پناہ دیجئے

وَإِجَارَتِي بِحَقِّ آلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ

اس کیلئے میں آپ کو آپ کے پاک وپاکیزہ خاندان کا واسطہ دیتا ہوں۔

urdu.duas.org